MODEL QUESTION FOR CLASS 12th Exam 2024

F.M:80 Time: 03:00 hour Subject-Urdu Elective

PART A: OBJECTIVE

سبھی معروضی سوالات لازمی ہیں۔ سوالوں کی تعداد ۳۰ ہے۔ ہر سوال کے چار متبادل جواب دیئے گئے ہیں۔ صحیح جواب کا انتخاب کریں۔ ہر سوال کے لیے قیمت برابر ہے۔

---

مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور سوال نمبر 1 سے 5 تک کے جواب دیئے گئے متبادل الفاظ سے منتخب کر کے دیجئے۔

مضمون ایک غیر افسانوی نثری صنف ہے۔ اس صنف میں کسی موضوع پر مربوط انداز میں اظہار خیال کیا جاتا ہے۔ اس میں خیالات کا تسلسل ضروری ہے۔ اس صنف کا آغاز انیسویں صدی کے وسط سے ہوا۔ سر سیّد اور ان کے معاصرین نے سماجی اصلاح کے ایک وسیلے کے طور پر مضمون لکھے۔ عبدالحلیم شرر نے تاریخی موضوعات پر مضامین لکھے۔ اخبار نویسی کے میدان میں بھی مضمون نگاری کا فن مستقل ترقی کر رہا ہے۔

سوال نمبر 1۔ مضمون نثری ادب کی کیسی صنف ہے؟

(A) افسانوی (B) مثنوی (C) دونوں (D) ان میں کوئی نہیں

سوال نمبر 2۔ کس صنف میں کسی موضوع پر مربوط انداز میں اظہار خیال کیا جاتا ہے؟

(A) داستان (B) مثنوی (C) مضمون (D) ان میں کوئی نہیں

سوال نمبر 3۔ صنف مضمون کا آغاز کس صدی میں ہوا؟

(A) سترہویں (B) اٹھارہویں (C) انیسویں (D) بیسویں

سوال نمبر 4۔ مندرجہ ذیل میں سے کس نے تاریخی موضوعات پر مضامین لکھے؟

(A) مرزا غالب (B) ڈپٹی نذیر احمد (C) حالی (D) عبدالحلیم شرر

سوال نمبر 5۔ اخبار نویسی کے میدان میں بھی کس صنف کا فن مستقل ترقی کر رہا ہے؟

(A) داستان نگاری (B) مضمون نگاری (C) ناول نگاری (D) افسانہ نگاری

سوال نمبر 6۔ لفظ ''شاعر'' کا جمع بتائیں؟

ان میں کوئی نہیں (D)   اشعار (C)   شعراء (B)   شاعری (A)

سوال نمبر 7۔ لفظ ''عیش'' کا مترادف مندرجہ ذیل میں سے کیا ہوگا؟

ان میں کوئی نہیں (D)   مہربان (C)   آرام (B)   خوش (A)

سوال نمبر 8۔ مندرجہ ذیل میں سے کون کہاوت نہیں ہے؟

دل باغ باغ ہونا (D) ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا (C) جیسی کرنی ویسی بھرنی (B) ابھی دلّی دور ہے (A)

مندرجہ ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیں اور سوال نمبر 9 سے 12 تک کا جواب متبادل الفاظ سے چن کر دیں۔

سب کی مارے خوف کے گھٹی گھٹی سی چیخ نکل گئی۔ ان کے رنگ زرد پڑ گئے اور ہوری کے ہونٹوں پر گویا سفید پپڑی سی جم گئی۔ کچھ دیر کے لیے وہ سب سکتے میں آگئے اور بالکل خاموش کھڑے رہے۔ وہ کچھ دیر کتنی تھی؟ ایک پل، ایک صدی یا پھر ایک یگ۔ اس کا ان میں سے کسی کو اندازہ نہیں ہوا۔ جب تک کہ انھوں نے ہوری کی غصے سے کانپتی ہوئی آواز نہ سنی انہیں اپنی زندگی کا احساس نہ ہوا۔

سوال نمبر 9۔ مندرجہ بالا اقتباس کس افسانہ سے ماخوذ ہے؟

میں، وہ (D)   فوٹو گرافر (C)   بجوکا (B)   لمحے (A)

سوال نمبر 10۔ اس اقتباس کے افسانہ نگار کون ہیں؟

اقبال مجید (D)   سریندر پرکاش (C) قرۃ العین حیدر (B)   بلونت سنگھ (A)

سوال نمبر 11۔ کس کے ہونٹوں پر سفید پپڑی سی جم گئی؟

مسری (D)   ہری (C)   گوری (B)   ہوری (A)

سوال نمبر 12۔ انہیں اپنی کس کا احساس نہیں ہوا؟

جدائی (D)   غم (C)   درد (B)   زندگی (A)

سوال نمبر 13۔ غالب نے نثر نگاری کا آغاز کس زبان سے کیا؟

(A) فارسی (B) عربی (C) اردو (D) ترکی

سوال نمبر 14۔آپ کے نصاب میں شامل تنقیدی مضمون ''امراؤ جان ادا'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) احتشام حسین (B) خورشیدالاسلام (C) الطاف حسین حالی (D) ان میں کوئی نہیں

سوال نمبر 15۔اُما کانت کس افسانے کا کردار ہے؟

(A) فوٹو گرافر (B) بجوکا (C) لمحے (D) سکون کی نیند

سوال نمبر 16۔اختر الایمان کی آپ بیتی کس عنوان سے آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(A) روشنائی (B) اس آباد خرابے میں (C) ہم سفر (D) ڈگر سے ہٹ کر

سوال نمبر 17۔خواجہ حسن نظامی نے مندرجہ ذیل میں سے کس کا حلیہ اپنے مضمون میں پیش کیا ہے؟

(A) مکھی (B) تتلی (C) مچھلی (D) مچھر

سوال نمبر 18۔گلستان ادب میں مندرجہ ذیل میں سے کون ایک افسانہ شامل نہیں ہے؟

(A) حج اکبر (B) فوٹو گرافر (C) بجوکا (D) سکون کی نیند

JCERT

سوال نمبر 19۔مندرجہ ذیل نثر نگاروں میں کون طنز و مزاح نثر نگار ہیں؟

(A) رشید احمد صدیقی (B) کنہیا لال کپور (C) پطرس بخاری (D) ان میں سبھی

مندرجہ ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر سوال نمبر 20 سے 23 تک کے جواب دیں۔

وداعِ روزِ روشن ہے گجر شام غریباں کا

چراگاہوں سے پلٹتے قافلے وہ بے زبانوں کا

قدم گھر کی طرف کس شوق میں اٹھتا ہے دہقاں کا

یہ ویرانہ ہے، میں ہوں، اور طائر آشیانوں کے

سوال نمبر20۔یہ کس نظم سے ماخوذ اشعار ہیں؟

(A) شامِ غریباں (B) روزِ غریباں (C) گورِ غریباں (D) ان میں کوئی نہیں

سوال نمبر21۔مندرجہ بالا اشعار کے نظم نگار کون ہیں؟

(A) نظم طباطبائی (B) اقبال (C) جمیل مظہری (D) ن۔م۔راشد

سوال نمبر22۔ نظم ''گورِ غریباں''میں شاعر نے کتنے مصرعوں والا بند کا استعمال کیا ہے؟

(A) چار (B) پانچ (C) چھ (D) سات

سوال نمبر23۔دہقاں کے معنی کیا ہوتے ہیں؟

(A) مزدور (B) کسان (C) شہری (D) کاریگر

سوال نمبر24۔اردو میں غزل کس زبان کے ادب سے آئی؟

(A) عربی (B) فارسی (C) جرمن (D) ان میں کوئی نہیں

سوال نمبر25۔الطاف حسین حالی کہاں پیدا ہوئے؟

(A) پانی پت (B) لاہور (C) دہلی (D) کلکتہ

سوال نمبر26۔

زندگی ہے تو ہر حال بسر بھی ہوگی

شام آئی ہے تو آئے کہ سحر بھی ہوگی

مندرجہ بالا شعر کے شاعر کون ہیں؟

(A) حالیؔ (B) جذبیؔ (C) آرزوؔ (D) اخترؔ

سوال نمبر27۔خیابان اردو میں منشی پریم چند کا کون سا ناول شامل ہے؟

(A) نرملا (B) اسرارِ معابد (C) بیوہ (D) گئودان

नवोन्मेष शोध नेतृत्व JCERT

سوال نمبر28۔ان میں سے کون ناول بیوہ کا کردار نہیں ہے؟

پریما (D) دان ناتھ (C) دھنپت رائے (B) امرت رائے (A)

سوال نمبر29۔آغا حشر کاشمیری کا تعلق ادب کے کس نثری صنف سے ہے؟

ڈراما (D) سوانح (C) افسانہ (B) ناول (A)

سوال نمبر30۔مندرجہ ذیل میں سے کون سی کہانی خیابان اردو میں شامل ہے؟

ان میں سے سبھی (D) جلتی جھاڑی (C) جنم دن (B) کلرک کی موت (A)

ضروری ہدایات:۔

سوالات کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

سبھی حصوں سے سوالوں کے جواب دیئے گئے ہدایت کے مطابق دیں۔

سوالوں کی قیمت بائیں جانب درج ہیں۔

حصہ ''الف''

2x6=12 مندرجہ ذیل آٹھ سوالوں میں سے کسی چھ کا جواب ایک۔دو لفظوں میں یا ایک جملہ میں دیں۔

Marks

سوال نمبر31۔خوجی کی پسند کی چیزیں کیا ہیں؟

سوال نمبر32۔ترقی پسند تحریک کا آغاز کب ہوا؟

سوال نمبر33۔قرۃ العین حیدر کے افسانوں کا پہلا مجموعہ کون سا ہے؟

سوال نمبر34۔اقبال مجید کا کون سا افسانہ آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

سوال نمبر35۔غزل کے لغوی معنی کیا ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 36۔حالی کب پیدا ہوئے؟

سوال نمبر 37۔اقبال کی نظم کا عنوان کیا ہے جو گلستان ادب میں شامل ہے؟

"حصہ "ب

سوال نمبر 38۔

"لفظ" محبت کی ضد لکھیں۔

مندرجہ ذیل آٹھ سوالوں میں سے کسی چھ کا جواب لگ بھگ 50 لفظوں یا تین جملوں میں دیں۔

3x6=18 Marks

سوال نمبر 39۔گلستان ادب میں شامل کسی تین افسانوں اور اُن کے مصنف کا نام بتائیں؟

سوال نمبر 40۔"دوسرا جنم ہم کو ملا" اس سے غالب کی کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 41۔گم نام پہاڑی کے گیٹ ہائوس میں سیّاح کیوں آتے تھے؟

سوال نمبر 42۔آرزو لکھنوی کی غزل کا مطلع کا شعر لکھیں

سوال نمبر 43۔اقبال کی اردو شاعری کے کسی تین مجموعون کے نام لکھیں۔

سوال نمبر 44۔علی سردار جعفری کی طویل نظم "وقت کا ترانہ" کا کوئی بند لکھیں۔

سوال نمبر 45۔خیابانِ اردو میں شامل کہانیاں کون کون سی ہیں؟

سوال نمبر 46۔مندرجہ ذیل الفاظ کے جمع بنائیں۔

سلطان۔مسجد۔امیر

"حصہ "ج

مندرجہ ذیل چھ سوالوں میں سے کسی چار کا جواب لگ بھگ 100 لفظوں یا آٹھ دس جملوں میں دیں۔ 5x4=20 Marks

سوال نمبر 47۔امرائو جان ادا کے کردار پر روشنی ڈالیے

سوال نمبر 48۔ علامہ اقبال کی حالات زندگی اور ان کی شاعری کا جائزہ مختصراً لیجئے

سوال نمبر 49۔ خیابانِ اردو میں شامل کہانی ''کلرک کی موت'' کا خلاصہ لکھیں۔

سوال نمبر 50۔ دبستان لکھنؤ سے تعلق رکھنے والے کسی پانچ شاعروں کے نام لکھیں۔

سوال نمبر 51۔ سابقہ ولاحق ہ کی تعریف لکھیں اور دو۔ دو مثالیں دیں۔

سوال نمبر 52۔ اپنے اسکول کے ہیڈ ماسٹر کے پاس ایک درخواست لکھیں جس میں اسکول کی فیس معاف کرنے کا ذکر ہو۔

अनुसंधान एवं प्रशिक्षण परिषद्, राँची
नवोन्मेष शोध नेतृत्व
JCERT

ANSWERKEY

جوابات

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1- | (**B**) | 6- | (B) | 11- | (A) | (16) | (B) | (21) | (A) | (26) | (B) |
| 2- | (C) | 7- | (B) | 12- | (A) | (17) | (D) | (22) | (A) | (27) | (C) |
| 3- | (C) | 8- | (D) | 13- | (A) | (18) | (A) | (23) | (B) | (28) | (B) |
| 4- | (D) | 9- | (B) | 14- | (B) | (19) | (D) | (24) | (B) | (29) | (D) |
| 5- | (B) | 10- | (C) | 15- | (C) | (20) | (C) | (25) | (A) | (30) | (D) |